کاوچی ہے ـــ توی کے گھر میں سوئی گیس کبھی پاپن جمشید صاحب کے نام پر لگا ہوا ہے جبکہ کاوچی والے بنگلے کی ... ہولڈ کوئی ... نام سے ... ہیں ... کی بنا پر سوئی گیس والے پچھلے تین برس سے ... کاوچی کا ٹیلیفون دو سو روپے کا بل توی کو اور توی کا ... بل کاوچی کو بھیج رہے ہیں جنہیں دونوں صاحب بروقت ادا کر دیتے ہیں ـــ ایک توی نا خوش ہو کر اور دوسرا کاوچی بعد مسرت کے ساتھ ـــ پر اس ماہ بجا نڈا یوں پھوٹا کہ پوسٹ مین دونوں بل توی کو دے گیا۔ تب توی کو ہوش آیا کہ وہ تو متواتر لٹتا رہا ہے کہ جتنی زائد رقم وہ تین برس کے دوران سوئی گیس والوں کو ادا کر چکا ہے اس سے "عظیم مصنف و ہدایتکار" ہارون پاشا کی لے کردہ ایک نئی فلم کا افتتاح بخوبی کر سکتا تھا ـــ اب توی کا کہنا ہے یا تو سوئی گیس والے اس کی زائد ادا شدہ رقم واپس کریں یا کاوچی والے ایک برس تک اس کی پوری فیملی کو چینی کھانے کھلائیں۔

(اب سلیم صاحب! آپ کے ہوتے ہوئے توی کے ساتھ جو زیادتی ہوئی ہے اس کا ازالہ یوں بھی ہو سکتا ہے کہ ہم روزانہ آپ کے پاس "شیزان" میں آ بیٹھا کریں، منظور ہے؟)

☆☆☆☆☆

بابرہ شریف کی بڑی بہن فاخرہ شریف نے سوہنے منڈوں کے چکر میں پڑ کر پرانے وفادار عاشق مسعود کو چھوڑ دیا ہے ـــ مسعود عقل مند ہوتا تو خدا کا شکر بجا لاتا کہ اس کی خاصی دولت ضائع ہونے سے بچ گئی ـــ مگر عقل کا کچا شکر بجا لانے کی بجائے آنسو بہا رہا ہے اور یہ کہہ کر رہنے والی دولت گننے کی بجائے راتوں کو تارے گننے لگا ہے ـــ فاخرہ شریف اپنی جگہ بڑی کانا منتی ہے لیکن پچھلے دنوں سندھی ایم پی اے جاموٹ کی دعوت میں عین اس وقت پہنچ کر جس وقت وہاں ایک بااثر اور اہم وزیر بھی آیا بیٹھا تھا اپنے فول ہونے کا ثبوت فراہم کیا ہے ـــ

☆☆☆☆☆

... فلم ... دینے ... سے ...

☆☆☆☆☆

... بڑی اداکارہ نغمہ صاحب اللہ تاوڈ کی پالی محبوبہ ... کو طلاق ہو گئی ہے ... اپنے شوہر کے ساتھ باہر کے ایک ملک میں ... دونوں کی ...

ازدواجی زندگی میں ... اور نفرت کی چنگاری ... فرزانہ نے مصالحت کی بڑی کوشش کی لیکن معاملہ حد سے گزر چکا تھا چنانچہ بیچاری کو طلاق کا کاغذ لے کر وطن واپس آنا پڑا ـــ ادھر حبیب اللہ تاوڈ کا چھوٹا بھائی شفقت اللہ تاوڈ اداکارہ فردوس کی زلف پرپیچ میں الجھ گیا ہے ـــ یوں فردوس کے موجودہ عاشقوں کی تعداد چار ہو گئی ہے ادھر حبیب اللہ تاوڈ خوش ہے کہ اس کے چھوٹے بھائی نے اس کی روایت کو توڑنے کی بجائے آگے بڑھایا ہے ـــ کہ حبیب کی طرح شفقت نے بھی عشق کے لئے کم عمر محبوبہ کی بجائے ڈھلتی عمر کی عورت کا انتخاب کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

بابرہ شریف

"میں مغرور نہیں ہوئی مصروف ہو گئی ہوں"

بابرہ شریف اپنی دو سالہ فلمی اور فنی زندگی میں بیس فلموں میں کام کر چکی ہے۔ اس کی کامیاب ترین فلموں کی فہرست میں یہ فلمیں آتی ہیں: "شمع"، "میرا نام ہے محبت"، "... " "تلاش"۔ "میرا نام ہے محبت" کے علاوہ باقی تمام فلموں میں اسے سائیڈ یا ثانوی حیثیت کے کردار ملے تاہم "شمع" میں اس نے دلچسپ رول کئے۔ اور اس رول میں بھی اس نے اپنی بہترین فنکارانہ صلاحیتوں کا اظہار کیا۔

اب یہ شکایت عام ہوتی جا رہی ہے کہ بابرہ بھی بڑے فنکاروں کی طرح مغرور ہوتی جا رہی ہے؟ اس الزام کے بارے میں کیا رائے ہے؟ بابرہ نے کہا: یہ صرف الزام ہی ہے اس میں حقیقت بالکل نہیں ہے۔ دراصل میں ان دنوں اتنی مصروف ہوں کہ نیند پوری کرنے کی بھی فرصت نہیں ملتی۔ ہم مصروف آرٹسٹوں کی یہ مجبوری ہے کہ وہ اپنے ملنے والوں کو زیادہ وقت نہیں دے سکتے۔ ہماری اس مجبوری کو غلط رنگ میں پیش کر کے ہم پر مغرور ہونے کا الزام عائد کر دیا جاتا ہے۔

بابرہ ابھی ان آرٹسٹوں میں سے ہے جو راتوں رات بام عروج پر پہنچے ہیں۔ اسے اپنا امیج بنانے اور برقرار رکھنے کے لیے ابھی خاصی محنت درکار ہے۔ وہ شاید نہیں جانتی کہ فن کی بقا کس طرح کی جاتی ہے۔ اور فن کی دنیا میں امر ہونے کیلئے فنکار کو کن کن اذیت ناک لمحوں سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ اس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ہو گا کہ بابرہ شریف ایک اعلیٰ صفت فنکارہ ہے اور اس نے ثابت کیا ہے کہ اگر اس کے لیے اچھے متنوع کردار لکھے جائیں تو ان کرداروں میں بہترین پرفارمنس دے کر انہیں زندہ جاوید بنا سکتی ہے اس کا سب سے بڑا ثبوت اس نے "میرا نام ہے محبت" میں فراہم کیا ہے۔

بابرہ شریف (راشیں)   ہم میں یہ ... پیچھے ... رحم ہم پہ ... قدمان

نشو! اماں پوچھتی ہیں کہ بار بار دلہن بن کر تم کیا محسوس کرتی ہو ـــ نیلم، نیر سلطانہ اور نشو

اذکار و افکار

پسلسلۂ زبان و بیان

محمد ذاکر قریشی (ڈیلاس)

ہمارے ایک محترم دوست نے ایک غزل یہ کہہ کر بھیج دی کہ "حضرت آپ اس غزل کا وقت متعین کیجئے اور بتائیے کہ اس میں زبان و بیان کی کیا خامیاں ہیں۔؟" انھوں نے اس غزل پر کہیں تنقید دیکھی ہے اور وہ اس پر موازنہ چاہتے ہیں ویسے ان کا یہ خیال ہے کہ یہ غزل ... بالکل ... کی ہے۔ ... ملاحظہ ہو۔

۱۔ آباد زرا اس نا ثُول کا تر مجھے
اب ترے طور تو کچھ بھی نہیں خبر مجھے

۲۔ دل لے کے لو سے دیتے ہو داغ جگر مجھے
یہ بات بھولنے کی نہیں عمر بھر مجھے

۳۔ ملتی نہیں ہے لذتِ دردِ جگر مجھے
بھولی ہوئی نہ ہو نگہِ فتنہ گر مجھے

۴۔ کرتا ہے آج حضرت ناصح سے سامنا
مل جائے دو گھڑی کو تمہاری نظر مجھے

۵۔ سینے سے دل عزیز ہے دل سے ہوتم عزیز
سب سے مگر عزیز ہے میری نظر مجھے

۶۔ کیا جانیے قفس میں رہے کیا معاملہ
اب تک تو ہیں عزیز مرے بال و پر مجھے

اس میں کوئی شک نہیں کہ اس غزل کا انداز بیان مسلمہ ہے۔ فکر اور زبان کے اعتبار سے یہی لگتا ہے یہ ۱۹۴۰ء کے زمانہ میں لکھی گئی ہے۔ شاعر جگر، حسرت، ثاقب، آرزو، سیماب کوئی بھی ہو سکتا ہے۔ یقیناً عدم، حفیظ، مجروح، ساغر، شکیل، شفائی یا احمد فراز شاید اس قسم کی زبان نہ لکھ سکیں اور انداز فکر تو غیر موزوں ہو کر شعرا سے ذہنی مطابقت ہی نہیں رکھتا۔ غزل بظاہر نہایت خوبصورت ہے لیکن غور سے پڑھنے پر زبان و بیان کے کئی نقائص نظر آتے جو قارئین کے پیش خدمت ہیں۔ تاکہ زبان و بیان کے وہ نکات جو بیان رہنے کی وجہ سے ہم بھولتے جا رہے ہیں ان کا اعادہ ہو جائے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ دیگر قارئین بھی اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں گے۔

(۱) غزل کے پہلے شعر میں مجھے دو خامیاں نظر آتی ہیں۔ "نا ثُول کا" اثر سمجھنے کی ضرورت نہیں۔ "نا ثُول" ہی کافی تھا۔ دوسرے مصرعہ میں "اب" "زائد" ہے۔ "تم" لکھ کر "بہتر ہوتا"۔

(۲) دوسرے شعر میں "لو سے" ٹھیک نہیں اسی طرح "داغ" بجائے "داغ جگر" سے بات بن جاتی۔

(۳) یہ شعر ٹھیک ہے لیکن حسب معمول غیر ضروری الفاظ سے بھرا ہوا ہے۔ "نگہ فتنہ گر" کی بجائے صرف "نظر" لکھتے تو کافی تھا۔ پہلے مصرعہ میں "ملتی نہیں ہے" کی بجائے "ملتی نہیں جو" لکھا جاتا تو شعر چست ہو جاتا۔

(۴) اس شعر میں "ناصح سے" کی بجائے "ناصح کا" چاہیئے۔ یہ شعر اچھی طرح ادا نہیں ہوا۔ کیا شاعر معشوق کی "نظر" مستعار لے کر ناصح کو گھائل کرنا چاہتا ہے؟ یہ خیال ذرا بے مذاقی پر مبنی ہے۔ "صبح سے سا" ہیں تکا ز مصرعہ ہے۔

(۵) مجھے تو یہ شعر بے معنی نظر آیا۔ سینہ غرضاً دل کے لیے بولا جاتا ہے۔ پھر سینہ کیوں عزیز ہے اور نظر کے عزیز ہونے کی وجہ دلالت شعر میں کہیں نہیں۔

(۶) یہ شعر ٹھیک تو ہے لیکن "معاملہ رہا" کہاں کا محاورہ ہے؟

اس کے علاوہ اس غزل میں بعض خامیاں ایسی بھی ہیں جو وضاحت چاہتی ہیں۔ انھیں فی الوقت نظر انداز کر رہا ہوں۔

جھلکیاں

کینیڈا میں مقیم مسلمانوں میں مذہب سے ایک نئی دلچسپی اور ایک نیا جوش اور ولولہ نظر آتا ہے۔ ٹورانٹو کی مساجد میں نمازیوں کی تعداد دیکھ کر ہی یہ آسانی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ لوگ دور دور سے جمعہ کی نماز کے لیے شہر کی مختلف مسجدوں میں آتے ہیں۔ ٹرانسپورٹ کی زحمت اتنی مشکلات نہیں جتنی کہ کام سے چھٹی حاصل کرنا! لیکن ماشاء اللہ اس کے باوجود بھی دیکھ لیجئے۔ ... بچے ... مرد ... سب ... خلوص کے ساتھ۔

"اللہ اکبر" کی آواز سنتے ہی صف بندی ہو گئی۔ پاکستانی، لبنانی، چینی، ہندوستانی، افریقی، کینیڈین، امریکن۔ یہ سارے فرق "اللہ اکبر" سنتے ہی مٹ جاتے ہیں سب کے سب اس معبود کی عبادت کے لیے کھڑے ہو گئے۔

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

نماز پڑھنے کے بعد جامعہ مسجد میں اندر اور "المرکز" کے باہر دوستوں اور ملاقاتیوں کے چھوٹے چھوٹے گروپ بن جاتے ہیں اور اس طرح دو چار دس منٹ کے لیے گپ شپ ہو جاتی ہے۔ پاکستانی پاکستانی سے، مصری مصری سے، لبنانی عرب سے، افریقی افریقی سے۔ رہا کینیڈین نو مسلم تو اس سے کوئی نہیں بولتا۔ اس لیے وہ سب سے پہلے مسجد سے چھوٹ لیتا ہے۔

پھر مسلمان کی مذہب سے نئی محبت اس طرح بھی نظر آتی ہے کہ ہر نئے سال کے اسلامی کیلنڈر MSA والوں کے آتے ہی ہاتھوں ہاتھ ختم ہو جاتے ہیں۔ اب اس کے بعد سرور کو تلاش رہتی ہے اور وہ کیلنڈر دیر سے جاگنے والوں کو نہیں مل پاتے۔ اس تلاش میں جب دو ایک ماہ نکل جاتے ہیں تب MSA والے ان کیلنڈروں کا بڑا سا پلندہ مساجد میں رکھوا دیتے ہیں۔ مگر اب ان کے خریدار نہیں ملتے۔ اسی طرح مقدس مقامات کی تصاویر (چین کی تیار شدہ) بھی یا رنگ دھوکا دار خرید نے اور بڑے شوق سے اپنے اپنے گھروں میں لٹکاتے ہیں۔ ٹورانٹو میں چند حضرات جو اسلامی کتابیں، عید کارڈ، یہ تصاویر، جانماز (اٹلی کی بنی ہوئی) وغیرہ بیچتے ہیں، ان لوگوں کے پاس اللہ کے فضل سے "مسلمانوں کے نئے شوق اور مذہبی ولولے کی بدولت یہ تمام چیزیں ہاتھوں ہاتھ بک جاتی ہیں" سوائے کتابوں کے۔ لیکن اس کی بڑی وجہ یہ نہ سمجھ بیٹھئے گا کہ خدا نہ کردہ مسلمان کو اپنے مذہب پر ریسرچ کرنے کا شوق نہیں۔ ہرگز نہیں اس کی وجہ یہ نہیں۔ اس میں کار آمد دوسری اسلامی غذا ہے کہ کیڑے مکوڑوں کی غذا کا خیال بھی ہر حال مسلمان کو رکھنا ہے!

... قرآن ... اسلامی ... بھی ... دلچسپی بڑھ گئی ہے۔ اس کا اصل ...

رمضان میں ہوتا یہ ہے کہ "قرآن پر" ختم کے موقعے ہوتے ہیں اللہ کا نام لیا جاتا ہے۔ اگر آپ بد نصیب ہیں تو دو رکعت نماز پڑھا کر پڑھ لی جاتی ہے۔ خدا کا نام اس میں لیا جاتا ہے۔ یا پھر قرآن پاک کو ایک ایک دو دو پارے پڑھ کر ختم کیا جائے تو یہ کافی ہے۔ اس ترتیب کا طریقہ یہ ہے کہ جاننے والوں کو مدعو کیا اور ہر ایک سے کہا کہ صبح گیارہ بجے تک ایک پارہ ختم کرنا ہوگا۔ اس طرح سب سے وعدے لے لیے اور گھر دیا کہ تیس پارے ختم قرآن کے لیے ۴ بجے تک دعوت ہوگی۔ جب مولوی صاحب ایک بجے تک بھی گھر نہ پہنچے تو گھبرا کر ٹیپ ریکارڈر لگایا اور بہت تیزی سے TOP GEAR میں جھوم جھوم کر کلام پاک کی تلاوت شروع کر دی۔ اس نیک کام کے کرنے میں کافی گھنٹے صرف ہو گئے ہیں۔ نظریں کبھی تو کلام پاک پر اور کبھی دروازے کی طرف۔ دھیان لگا ہوا ہے دیکھو فلاں کتنی امیدیں تھیں وہ تک نہ آئے! وعدہ کر کے بھول جاتے ہیں۔ خدا ایسے دوستوں کو ان کے اعمال کی سزا دے! بہر حال کسی نہ کسی طرح بھاگتے دوڑتے کیفیت ادا کرتے کرتے کلام پاک کو ختم کیا۔ اس کو چوما، آنکھوں سے لگایا، سر پر رکھا اور اس کے بعد بڑی احتیاط سے لپیٹ کر اتنی اونچی جگہ رکھ دیا کہ کبھی بھولے سے بھی اس تک پہنچ نہ ہو سکے۔ مگر ساتھ ہی کیا قرآن پاک کی بے حرمتی ہم سے تو قطعی برداشت ہونے سے رہی۔!

کھانے کا وقت اب قریب آ رہا ہے۔ گھنٹی بجتی ہے "سبحان اللہ کیا بتاؤں! سارا پروگرام بگاڑ دیا۔ اس کے بعد کھانا لگا اور منٹوں میں صاف کر دیا گیا۔ اس کے بعد گپ شپ کا دور چلا۔ اس درمیان میں ٹی وی بھی کھلا رہا۔ اس کے بعد مدعوئین رفتہ رفتہ چلے گئے۔ اور اس طرح یہ نیک تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ گھر پاک ہو گیا۔ اللہ کا نام اس کے کونے کونے میں پھیل گیا۔ یہ تقریب ہندوستانی، پاکستانی مسلمانوں میں عام ہے۔ عربوں میں نہیں، افریقیوں میں نہیں۔ مگر ہم سب جانتے ہیں کہ پاکستانی مسلمان عربوں سے اچھا مسلمان ہوتا ہے!

اب اللہ آپ کا بھلا کرے، عید آنے والی ہے، مساجد میں ابھی سے خیرات ادا کرو، قربانی دو، یہ کرو، وہ کرو والی باتیں سننے میں آنے لگی ہیں۔ وہ دن دور نہیں کہ "خطرہ" کا لفظ بھی سننے میں آنے لگے گا!

عید کی نماز پڑھنے جانے کے لیے ہمیں جو قربانیاں ادا کرنی پڑتی ہیں وہ کیا اسی جگہ کافی نہیں کہ ہم مزید پیسہ خرچ کریں۔ کلام مجید کے ٹیپ سننے کے لیے ہم نے "اسٹیریو" خرید لیا۔ کیا یہ قربانی نہ ہوئی۔ بہرحال ٹورانٹو کے اماموں! ہمارا دماغ مت چاٹو! ہاں ہم تم سے وعدہ کرتے ہیں کہ اگر دس ہزار ڈالر بھی ہوں گے تو دس ہزار ڈالر خطرہ کے لیے جمع کرا دیں گے۔

ہم عید کی نماز کے خطبہ کے وقت گپ شپ کے عادی ہیں۔ عید کی نماز کا اسلام پھیرتے ہی پاکستان میں سب ہی گپ شپ میں کھڑے ہو جانے والے! اب اگر تم ٹورانٹو میں ہم سے یہ امید کرتے ہو کہ خطبے کے دوران اور عید والے خطبے کے بعد ہم گپ شپ نہ کریں اور خاموشی سے خطبہ سنیں۔ عید ہی کہاں کا انصاف ہوا!

خواجہ آتش

... دو جہاں میں ہے ترا فسانہ کیا
... ہے تجھ کو عشق خدا ...
... ہے کیا
... ہے ... کر
... سرو ... حسن ... ساقی
... گل ... ہو ...
... آئے ... کھڑے کھڑے
میں ... ہوں ... ناز ... ہو ... گا
ہنسنے والا نہیں ہے رونے پر
ہم کو غربت وطن سے بہتر ہے

بڑا شور سنتے تھے پہلو میں دل کا	جو چیرا تو اک قطرۂ خوں نہ نکلا
مرتے مانگوں تو رہے آرزوئے خواب مجھے	ڈوبنے جاؤں تو دریا ملے پایاب مجھے
حسن پری اک جلوۂ مستانہ ہے اس کا	ہشیار وہی ہے کہ جو دیوانہ ہے اس کا

خواجہ حیدر علی نام، آتش تخلص، دلی کے معزز خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کے والد خواجہ علی بخش نواب شجاع الدولہ کے عہد میں فیض آباد چلے گئے تھے وہیں ۱۱۹۲ھ میں آتش پیدا ہوئے۔ بچپن ہی میں یتیم ہو گئے تھے اس لئے معقول تعلیم سے محروم رہے۔ جوانی کی ترنگ، مزاج میں شوریدہ سری اور انداز میں بانکپن جا بجا لائی۔ مصحفی تک بانکپن اور سپاہیانہ وضع کو بڑی خوبی سے نباہا۔ انشا اور مصحفی کے معرکوں نے شعر و شاعری کا شوق دلایا۔ مصحفی کے شاگرد ہوئے اور صاحب طرز استاد کہلائے۔ ساری عمر خودداری اور فقیرانہ انداز سے گزار دی۔ ۱۲۶۳ھ میں لکھنؤ میں انتقال کیا۔ شعر گوئی میں ناسخ سے خوب خوب معرکے رہے۔

خواجہ آتش اور شیخ ناسخ چونکہ صاحب طرز تھے اس لئے لکھنؤ میں دونوں کے اسکول قائم ہو گئے۔ یہ صحیح ہے کہ آتش اور ناسخ کے کلام میں اکثر خصوصیات مشترک ہیں لیکن چند خصوصیات ایسی ہیں جن کی وجہ سے آتش کا کلام ناسخ کے مقابلہ میں زیادہ دلآویز اور موثر ہے۔ بقول غالب "ناسخ کے ہاں نشتر، آتش کے ہاں بیشتر نشتر ہیں"۔ آتش کی زبان صاف اور شستہ ہے مضامین میں شوخی، رنگینی اور رعنائی ہے بندش چست اور الفاظ دلکش ہیں تشبیہات میں لطافت آمیز سادگی پائی جاتی ہے منتخب محاورات کا برمحل استعمال سونے پر سہاگے کا کام دیتا ہے۔ آتش کی شاعری اگر ایک طرف اسرار محبت کی آئینہ دار ہے تو دوسری طرف اس میں فقیری کی شان بھی جھلکتی ہے۔

جامِ نو

عید

برگد کے اک پیڑ کے نیچے
ایک گداگر
پیٹ سے بھوکا
چاک گریباں
حال پریشاں
... بیٹھا
اپنے حال پہ اشک فشاں ہے
پچھلے سال بھی عید آئی تھی
اور اس سال بھی عید آئی ہے
... رہا ہے
جانے اپنی کتنی ...
اور ... عالم میں گزریں

Plea
Hal



بہنوں کی محفل

افسانہ

ثریا صدیقی

ادھورا آدمی

جمیل بہت اچھا ناول نگار تھا۔ آئے دن اس کے ناول چھپتے رہتے تھے۔

ناول نگار ہونے کے ساتھ ساتھ وہ ایک پرائیویٹ فرم میں اچھے عہدے پر فائز تھا۔ مستعدی تو وہ خوش تھی۔ جمیل ہونے ہی سیدھا گھر آتا اور آرام کرسی پر بیٹھ جاتا۔ سلمیٰ اس کے آنے سے پہلے ہی کام کاج سے فارغ ہو جاتی اور چائے تیار کر کے اس کا انتظار کرنے لگتی۔ ادھر جمیل گھر میں قدم رکھتا ادھر سلمیٰ دونوں ہاتھوں میں ٹرے لئے آجاتی اور لبوں پر مسکراہٹ کی لہریں لئے ہوئے کہتی۔

"کپڑے بدل آئیے، ناشتہ پہلے چائے پی لو"

جمیل کپڑے بدل کر آرام کرسی پر بیٹھ جاتا۔ سلمیٰ اس کے قریب بیٹھ جاتی۔ وہ ناول پڑھتا جاتا اور وہ خود سے سننے میں مصروف رہتی۔ اس وقت وہ کائنات کی ہر چیز کو بھول کر ناول میں غرق ہو جاتی۔ ایک ایک لفظ کلیجہ کی ٹھنک بن کر کانوں میں داخل ہو جاتا اور شعور سے ٹکراتا اور احساس میں تاثرات کی بے تاب موجیں اٹھنے لگتیں۔ سلمیٰ بے اختیار ہو کر داد دینے لگتی۔

"بہت پیارا جملہ لکھا ہے تم نے۔ ہمارے اخر جیسے آبشار کی طرح بہتے ہوئے آتے ہیں اور گنگناتے ہوئے بکھر کر گزر جاتے ہیں۔ واہ واہ۔ زندگی ساون کی بھیگی اور البیلی راتوں کی طرح حسین اور خوش گوار تھی۔ مسرتیں جھرنے بن رہی تھیں جیسے گلاب کی شاخوں پر گلے لپٹے چہک چہک کر بھول رہے ہوں۔ ایک دن جمیل کو دفتر سے واپس آنے میں دیر ہو گئی۔ سلمیٰ کو ایک ایک پل پہاڑ معلوم ہو رہا تھا۔

اچانک برابر والے فلیٹ سے مظہر کی آواز آئی۔

"بھابی فون ہے آپ کا!"

وہ دوڑتی دوڑتی گئی۔ کانپتے ہوئے ہاتھوں سے ریسیور اٹھایا اور بولی "ہیلو میں سلمیٰ بول رہی ہوں۔"

"جمیل صاحب کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے آپ فوراً میو ہسپتال پہنچ جائیں۔"

وہ بھاگتی ہوئی فلیٹ کا زینہ اترنے لگی۔ پوری عجلت سے وہ ہسپتال پہنچی جہاں جمیل کو بے ہوش کر کے آپریشن کیا جا رہا تھا۔ اس کے دائیں ہاتھ کی ہڈیاں ٹوٹ پھوٹ گئی تھیں۔ بائیں ہاتھ کی دو انگلیاں بھی بے کار ہو چکی تھیں۔ وہ دو مہینے تک ہسپتال میں پڑا رہا۔

یہ مہینے سلمیٰ کے لئے قیامت سے کسی طرح کم نہ تھے۔ اس نے بہت مستقل مزاجی سے حالات کا مقابلہ کیا۔ تنہائی میں روتی۔ جمیل کے سامنے اپنے آپ پر جبر کر کے مسکراتی۔ جمیل گھر آیا تو اس نے اس کا جشن صحت منایا مطلب یہ تھا کہ اس کے احساس پر کچھ بوجھ ہلکا ہو جائے اور وہ اپنے آپ کو تندرست سمجھنے لگے۔ جمیل نے بہا میں پھر بھر آئی ہوئی نظروں ... جمیل اور سلمیٰ جھنڈیوں کو دیکھ رکھا۔

سلمیٰ ... بہت مجھ کو خوش ہو رہی ہے ... میں کہتا ہوں کہ تم تک اپنے ضمیر کو فریب دوگی میرے ہاتھ بیکار ہو گئے ہیں شیو بھی نہیں کر سکتا اور تم ان جھنڈیوں سے مجھے بہلا رہی ہو۔ جمیل کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔

سلمیٰ کا جی چاہا وہ چیخ چیخ کر رونے لگے ... اپنی چھاتی پر پتھر کی سل رکھ لی اور ہنس کر بولی۔

"جمیل! آدمی کہیں ادھورا بھی ہوتا ہے ... "

مکمل ہے۔ انسان جب پیروں میں نہیں ... میں ہے تمہیں نامکمل نہیں کہا جاسکتا۔"

جمیل برابر رو رہا تھا۔ اس کی دونوں پتلیاں ڈوبتی ہوئی کشتی کی طرح آنسوؤں کے سمندر میں ہچکولے کھا رہی تھیں۔

"ہنستے کیوں ہو جمیل؟"

"اور کیا ہنسنے لگوں؟ تمہاری طرح میرے دو دل نہیں تم میرے سامنے آتی ہو تو ہنستی ہو اور الگ جا کر روتی ہو۔ میں بچہ نہیں ہوں سلمیٰ۔ ایک ہاتھ نہیں دوسرے کی انگلیاں غائب ہیں، کام وہ بھی نہیں دیتا، نوکری گئی، لکھنا چھوٹ گیا، میرے ہونٹوں پر مسکراہٹیں کیسے آسکتی ہیں۔ اول تو تم نے میری صحت کا جشن منا کر مجھے اور اپنے آپ کو فریب دینے کی کوشش کی، دوسری طرف سر سے پاؤں تک سوگ میں ڈوب کر تم نے مجھے مردہ سمجھ!"

ایسا نہ کہو جمیل! سلمیٰ رندھی ہوئی آواز میں بول کیونکہ ... "دکھوں سلمیٰ تم روز میرا شیو بناتی ہو، بالوں میں کنگھا بھی کر دیتی ہو لیکن اپنے بال نہیں سنوارتیں، آنکھوں میں کاجل نہیں لگاتیں، تمہارا ہمیشہ یہ دستور رہا ہے کہ غسل کرنے کے بعد بال درست کرتی تھیں، لپ اسٹک لگاتی تھیں۔ تمہاری ان بڑی بڑی کنول سی آنکھوں میں کاجل کتنا اچھا معلوم ہوتا تھا تمہاری یہ بہاریں میرے ساتھ ہی خزاں بن گئیں۔

سلمیٰ بری طرح بوکھلا گئی۔ اسے پہلی بار اپنی بھول کا احساس ہوا اور جمیل کی باتیں دل میں چھو کر رہ گئیں۔ اس نے سوچا میں مجرم ہوں۔ میں نے جمیل کو اس کے نکمے پن کا احساس دلا کر جشن کی خوشیوں کو ملیا میٹ کر دیا ہے۔

"مجھے معاف کر دو جمیل ساتھی سی بات پر رونے کیوں لگے؟ خوشی میں اپنی عورت پر ہو رہا ہوں ایسا محسوس ہو رہا ہے میں زندہ نہیں ہوں اور تم میرا سوگ منا رہی ہو۔"

سلمیٰ کا سر جھک گیا۔ وہ کوئی جواب نہ دے سکی۔ اسی وقت سنگار میز کے سامنے بیٹھ کر اس نے سہاگ کی تمام علامات کو زندہ کیا اور چہرے پر لیپ شانوں پر بکھیرے آنکھوں میں کاجل کے ڈورے کھینچے جمیل کے کمرے میں آگئی۔ وہ جوش میں آکر بولا۔

"میں زندہ ہوں سلمیٰ! تم نے مجھے مرنے سے بچا لیا۔ تندرستی کی گرمی رگوں میں دوڑنے لگی ہے۔ جلدی سے جائے جاؤ اور قلم کاغذ لے کر بیٹھ جاؤ ایک کہانی کا پلاٹ کئی دن سے ذہن میں گھوم رہا ہے۔ میں بولتا جاؤں تم لکھتی رہو!"

"شاید آپ تم یہ کہنا چاہتے تھے کہ میں ٹائپ کر کے کو صاف کر کے صاف کروں۔ کہانی تم آپ ہی ٹائپ کرنا چاہتے ہو ... بات ہے نا۔"

"بالکل ٹھیک سمجھا تم نے۔ تم سہارا دے کے مجھے اٹھاؤ نا۔ پہلی ٹائپ کروں گا۔ کہانی نہیں اب میں اپنا ایک ناول پورا کرنا چاہتا ہوں۔ بہت دنوں سے یہی پلاٹ ... "

سلمیٰ ٹائپ رائٹر صاف کر کے اٹھا اس کے پاس ...

اور بولی۔ "اب تم چل سکتے ہو؟"

جمیل بہت مشکل سے اٹھ کر ٹوٹے ہوئے ہاتھ کو ... سہارا دیتے ہوئے سہارا لیا جائے وہ جس کے جلدی جسم کو سنبھال سکا۔ جمیل ہری کرسی پر آگیا اور کوہنیوں کو پکڑا ہو گیا۔ سلمیٰ سب کچھ دیکھ رہی تھی۔ وہ سانس روکے کھڑی تھی۔ اسے خوف تھا کہ سانس لیا تو چیخ نکل جائے گی۔

اور وہ مشرقی عورت کی طرح شوہر کی مجبوری پر ... آئی بہت مشکل سے سلمیٰ نے ہونٹ کی فضا بنائی۔

"شوہر جمیل! ہاتھوں نے ساتھ دیا تو کیا ہوا اگر پھر بھی کانپ رہے ہیں تو پرواہ مت کرو میں تمہارے لئے ہاتھ پیر دل سے سلم ہوں۔"

جمیل کوشش کر کے ہنسا۔ وہ غور سے سلمیٰ کو دیکھ رہا تھا۔ اس کی آنکھیں خشک تھیں، لیکن لبوں پر سیلاب چل رہے تھے وہ آنکھوں سے نہیں ہونٹوں سے رو رہا تھا۔

آہستہ آہستہ جمیل نے بائیں ہاتھ سے ٹائپ کرنے کی مشق کر لی۔ دو انگوٹھے اور باقی دو انگلیوں میں سنسنی زدہ تھام کر لکھیں کرنے لگا۔ سلمیٰ کا کام کم ہو گیا۔ لیکن ایک اور غم اس کی جان کو گھن کی طرح چاٹنے لگا۔ جیسے آہستہ آہستہ کم ہوتے جا رہے تھے وہ جمیل سے اپنی مالی مشکلات کا اظہار بالکل نہ کرتی تھی لیکن وہ سب کچھ سمجھتا تھا اور اپنے [redacted] ہوئے ناول کو جلدی جلدی پورا کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ جو کچھ لکھ لیتا رات کو سلمیٰ اصرار کر کے اسے سن لیتی۔ آخری حصہ کئی دنوں تک جمیل نے سلمیٰ کو نہ سنایا۔ وہ بہت سنجیدہ نظر آرہا تھا، غالباً کسی گہری سوچ میں ڈوبا ہوا تھا۔ ایک دن سلمیٰ نے سوال کیا۔

"جمیل! تمہارے ناول کا کیا بنا؟"

"پورا ہو چکا ہے اشاعت کے لئے بھیج رہا ہوں۔"

"پہلے میں سن کر پاس تو کر دوں!" "کئی دنوں سے یہی سوچ رہا ہوں۔ تمہیں سناؤں یا نہ سناؤں۔"

"آخر کیا بات ہے ایسی؟"

"ناول کا انجام دردناک ہو گیا ہے۔"

"تمہیں تو ٹریجڈی سے چڑ تھی۔ تمہاری ہر تخلیق طربیہ اور رجائیت سے بھرپور ہوتی ہے۔" "مگر۔"

"مگر میں اگر ایک دستور کی بات پڑھ کر سناؤں تو!"

جمیل پڑھنے لگا۔ حالات اس پر منطبق ہو رہے تھے۔ جب بنیادی کردار نے اپنی بیوی سے کہا۔

"میں تمہاری عمر برباد نہ کروں گا۔"

"کیا مطلب؟" سلمیٰ تیور بدل کر بولی۔

"سنتی جاؤ بیچ میں مت بولو" جمیل پھر پڑھنے لگا۔

شادی سے پہلے شوکت تم سے محبت کرتا تھا لیکن بیچ میں آگیا۔ وہ اب تک کنوارا ہے تم اسے ...

"جمیل! پھاڑ ڈالو اس ناول کو، ایسا غلط اور جھوٹا ناول تمہارے نام سے نہیں چھپے گا تم جتنے اچھے ناول نگار ہو اتنے ہی برے ستوکے رہتے ہو۔ تم عورت کی نفسیات کو بالکل نہیں سمجھتے تم نہیں جانتے وہ شوہر کو اپنی کائنات سمجھتی ہے۔ اس کو زندگی جانتی ہے۔ اسے جیسے کل پیدا ہیں وہ نوکری کر سکتی ہے مزدوری کر سکتی ہے بھوکی پیاسی رہ سکتی ہے لیکن شوہر کو نہیں چھوڑ سکتی۔ بے شک وہ نامکمل انسان ہی کیوں نہ ہو اس کا مجازی خدا تو ہے۔ میں اس ناول کو آگ میں ڈال دوں گی۔ اس لئے ایک شریف بیوی کی توہین کی ہے" سلمیٰ کا گلا رندھ گیا وہ غصے سے کانپنے لگی۔

"ارے تو پاگل تو نہیں ہو گئی۔ ناول سنتے سنتے یوں رونے لگی ہو جیسے اس کے کردار میں تم ہی اصل ہو گئی ہو"۔ ■■

بہنوں کی خدمت میں
عید مبارک

خوانِ نعمت

سوّیوں کا زردہ

اجزاء:

سویاں باریک آدھ پاؤ، گھی تین چھٹانک، چینی تین چھٹانک یا حسب ذائقہ، سبز الائچی آدھ پاؤ (؟) زعفران چٹکی بھر، کیوڑہ چائے کا چمچہ، بادام آدھی چھٹانک، پستہ چوتھائی چھٹانک، کشمش چند دانے۔

ترکیب:

چینی میں ایک پاؤ پانی ڈال کر قوام تیار کر لیں۔ گھی میں الائچی ڈال کر کڑکڑائیں اور کشمش کے دانے ڈال دیں۔ اس کے بعد سویاں ڈالیں۔ جب سویاں سرخ ہو جائیں تو چینی کا قوام اس میں ڈال دیں اور آنچ بالکل کم کر دیں۔ جب سویاں گل جائیں تو کیوڑے میں زعفران ڈال کر پیس لیں اور ساتھ ہی الائچی بھی پیس کر ملا دیں۔ یہ سب کچھ سویوں پر ڈال کر دم لگا دیں۔ بادام کی گری اور پستہ باریک کاٹ لیں جب سویاں تیار ہو جائیں تو ڈش میں نکال لیں اور اوپر بادام پستہ ڈال کر پیش کریں۔

شیر خرما

اجزاء:

سویاں ایک پاؤ، دودھ دو سیر، چھوہارے ایک چھٹانک، بادام، سبز الائچی اور چینی حسب ذائقہ۔

ترکیب:

دودھ کو پکنے کے لئے رکھ دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو اس میں سویاں ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھ دیں اور آہستہ آہستہ چمچے سے ہلاتی رہیں۔ جب گاڑھا ہونے لگے تو چھوہاروں کے چار چار ٹکڑے کر کے اس میں ڈال دیں پھر بادام کی گری اور الائچی کے دانے نکال کر ڈال دیں اور پھر چینی ڈال دیں۔ اس کے بعد چند منٹ پکا کر جب وہ کھیر کی شکل اختیار کر جائے تو اتار لیں شیر خرما تیار ہے۔ ٹھنڈا یا گرم آپ کی پسند۔

قورمہ پلاؤ

اجزاء:

آدھ سیر گوشت، آدھ سیر چاول، آدھ پاؤ دہی، ایک پاؤ پیاز، ایک درمیانی پوتھی لہسن، ادرک دو دو انچ کا ٹکڑا، دو تولہ گرم مصالحہ، بادام ایک چھٹانک، گھی تین چھٹانک، نمک ثابت لال مرچ حسب ذائقہ۔

ترکیب:

چاول پانی میں بھگو دیں۔ ادرک لہسن، گرم مصالحہ، لال مرچیں کوٹ لیں، پیاز باریک کاٹ کر گھی میں بادامی کر لیں۔ پیاز کی آدھی مقدار نکال کر الگ رکھ لیں اور باقی پیاز جو دیگچی میں ہے اس میں گوشت، نمک، مرچ اور ادرک لہسن ڈال کر بھونیں پھر تھوڑا پانی ڈال کر گوشت گلائیں۔ پھر اس میں دہی ڈال کر بھونیں پھر چاول ڈال کر بھونیں اور پانی ڈال کر چاول معہ گوشت پکائیں۔ گرم مصالحہ پانی کے ساتھ ڈال دیں۔ پانی سوکھ جائے تو دم پر رکھ دیں۔ تلی ہوئی پیاز اور بادام اوپر ڈال کر پیش کریں۔

Please Visit Us for

عید مبارک

Halal Meat & Dals

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دکان

فریزر میں ذخیرہ کرنے کا گوشت ہم سے کم قیمت پر طلب فرمائیے

Afro Asian

918 PAPE AVENUE,
TORONTO

Phone 463-1287

لیاری کے حادثے میں کل ۱۳۹ افراد جاں بحق ہو گئے

زخمی ہونے والا ایک شخص ہسپتال میں چل بسا، تین دن کی مسلسل جد و جہد کے بعد منہدم عمارت کا ملبہ ہٹانے کا کام مکمل کر لیا گیا

[illegible]

پاکستان کے صنعتی منصوبوں کے لیے امداد

[illegible]

ملبے میں چھ گھنٹے تک برقی رو دوڑتی رہی

محکمہ بجلی کے حکام نے کوئی نوٹس نہ لیا

[illegible]

پاکستان میں نومبر میں ہاکی کے بین الاقوامی مقابلے منعقد ہوں گے

بھارتی ٹیم کی شرکت کے لیے بات چیت کا سلسلہ جاری ہے، علی اقتدار دارا

[illegible]

خورشید حسن میر نے مشورہ گروپ توڑ دیا

[illegible]

شیخ عبداللہ نے الٹی میٹم دیا ہے مطالبات تسلیم نہ ہونے کی صورت میں مستعفی ہونے کی دھمکی دیدی

وزیر اعلیٰ کی برطرفی کے لیے کانگریسی ارکان کا زبردست مظاہرہ

[illegible]

لیاری کا سانحہ و اتنی تکلیف دہ ہے

[illegible]

کریسنٹ کا

یہ شمارہ اگر آپ کو مفت ملے تو اسکی سالانہ خریداری قبول فرما کر ہماری اعانت کیجئے۔

ہدیۂ تبریک

EID MUBARAK
from

MR. & MRS. M. A. NOOR,

TO ALL THEIR FRIENDS
AND ASSOCIATES

معذرت

پچھلے شمارے میں جو کہ قائد اعظم نمبر تھا اردو سیکشن میں ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء کی بجائے غلط تاریخ چھپ گئی ہے۔ ادارہ اس غلطی پر اپنے قارئین سے معذرت خواہ ہے۔

عید مبارک

آپ کی دل پسند سرینہ بریڈ
اور دوسری عمدہ عربی روٹیاں بنانے والے

WAKILEH CO. LTD
20 Tangiers Road, Downsview
M3J 2B2
Tel 633 5628, 635 9149

گاڑی کی مرمت، رنگ و روغن اور انشورنس کلیم کے لیے ظہیر جعفر کو فون کیجئے۔ سستے کرائے پر کار بھی دستیاب ہے۔

IF THIS Happens To You!

Expert Body Work

Spray Painting

General Collision Repairs

Guaranteed Work

FREE ESTIMATES

National AUTO BODY
614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

عید مبارک

For all your printing needs
business or social

PEACOCK
Printing & Typesetting

HAMID HUSAIN

1400 GERRARD ST. E., TORONTO M4L 1Z4 • Tel. 466 5660

پاکستانی حکام کی کوشش سے چھاپہ ماروں نے ۲۰ گھنٹے کے بعد ہتھیار ڈال دیے

بنگلہ دیش کے افراد عملے کے ارکان نئی دہلی واپس پہنچ گئے

اغوا شدہ طیارہ بھی نئی دہلی بھیج دیا گیا

اسلامی قانون کے تحت مقدمہ قائم کرنے کے لئے چھاپہ ماروں سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے

[illegible]

پاکستانی حکام نے چھاپہ ماروں کو قبضے میں لے لیا [illegible]

[illegible]

اغوا کئے جانے والے بھارتی طیارے کے مسافر لاہور کے ہوائی اڈے پر

لاہور — اپنے نمائندے سے — [illegible] انڈین ایئرلائنز کا بوئنگ طیارہ اغوا کرنے والے چھاپہ ماروں پر کسی قسم کا تشدد کئے بغیر انہیں گرفتار کر لیا گیا۔ اس لحاظ سے طیاروں کے اغوا کی تاریخ میں یہ ایک منفرد واقعہ ہے جہاں پر امن طریقے سے طیارہ اغوا کرنے والے چھاپہ ماروں کو گرفتار کیا گیا حالانکہ انہوں نے ہتھیار نہیں ڈالے تھے اور وہ مسلح تھے۔ چھاپہ ماروں کا سرغنہ بھارتی مسلمان ہے اور اس نے داڑھی رکھی ہوئی ہے اور سفید بوشرٹ اور سیاہ پتلون پہن رکھی تھی۔ گزشتہ روز جب انڈین طیارے کے اغوا کی اطلاع ملی تو چیف سیکرٹری، کمشنر لاہور ڈویژن مسٹر خالد جاوید، اسسٹنٹ کمشنر چھاؤنی اسماعیل قریشی اور ڈی آئی جی [illegible] موقع پر پہنچ گئے اور انہوں نے چھاپہ ماروں سے مذاکرات کئے۔ [illegible] اطلاع کر دی گئی

چھاپہ مار [illegible] بھارتی مسافر [illegible]

[illegible] لاؤنج میں لے گئے جہاں [illegible]

[illegible] چھاپہ ماروں کے [illegible] نہیں تھے

صدر پاکستان نے آئین میں پانچویں ترمیم کے بل کی منظوری دیدی

اسلام آباد — (اے پی پی) صدر مملکت فضل الٰہی چودھری نے آئین میں پانچویں ترمیم کے بل کی منظوری دیدی ہے۔ یہ بل قومی اسمبلی اور سینیٹ اس ماہ کے شروع میں پہلے ہی منظور کر چکے ہیں۔ صدر نے بل کی منظوری ۱۲ ستمبر کو دی۔

تقدیر کے پابند نباتات و جمادات
مومن فقط احکام الٰہی کا ہے پابند
(اقبال)

[illegible]

لاہور ایئرپورٹ پر [illegible]

بھارت کے ۲۲ صوبوں میں سے ۱۹ صوبوں میں ذبیحہ گاؤ پر پابندی لگا دی جائیگی

بھارتی پارلیمنٹ میں وزیر مملکت کا بیان

نئی دہلی — (یو پی آئی) بھارت کے ایک ممتاز سرکاری [illegible] کا کہنا ہے کہ بھارت کے ۲۲ صوبوں میں سے ۱۹ صوبے ذبیحہ گاؤ کی ممانعت کا اعلان کرنے والے ہیں مگر یہ ایک ایسا اقدام ہوگا جس کے نتیجے میں زبردست سیاسی اور مذہبی جذبات [illegible] ہو جائینگے۔

بھارت کے وزیر مملکت برائے [illegible] [illegible]

[illegible]

طیارے کے اغوا کی تحقیقات جاری ہے

فی الحال کوئی انکشاف مناسب نہیں: بھارتی وزیر

عملے کے ارکان کو حاضر دماغی پر بونس دینے کا اعلان

پاکستان اور بھارت کے [illegible]

نئی دہلی — پریس ٹرسٹ — گزشتہ جمعہ کو انڈین ایئرلائنز کا جو مسافر طیارہ اغوا کر کے لاہور لایا گیا تھا اس کے اغوا کی تحقیقات کی جا رہی ہے۔ یہ طیارہ اور اس کے مسافر واپس نئی دہلی پہنچ چکے ہیں۔ بھارتی شہری ہوابازی کے وزیر [illegible] نے آج بتایا کہ اس وقت تحقیقات کے بارے میں انکشاف مناسب نہیں۔ انہوں نے طیارے کے عملے کی حاضر دماغی اور ہوشیاری کی تعریف کی۔ عملے کے ارکان نے آج یہاں وزیر [illegible] سے ملاقات کی۔ عملے کو ان کی خدمت کے عوض ایک مہینے کی تنخواہ کے مساوی بونس دینے کا اعلان کیا گیا۔

بی بی سی کی اطلاع کے مطابق [illegible] اغوا کیا جانے والا بھارتی طیارہ اس کے تمام مسافر اور عملے کے ارکان بھی واپس بھارت پہنچ چکے ہیں [illegible] [illegible]

پاکستان اور بھارت کے حکام [illegible]

[illegible]

"چلو ذرا بھاگ کر دکھاؤ ...!"

حسینہ بیگم سے وزیر اعظم کا مزاح

ملتان — (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم بھٹو نے [illegible] پر صوبائی اسمبلی کی خاتون رکن حسینہ بیگم کی خیریت دریافت کی [illegible] بیگم کو سرکاری خرچ پر علاج کے لئے برطانیہ بھیجا گیا تھا۔ ان کی ٹانگوں میں تکلیف تھی۔ وزیر اعظم نے مسکراتے ہوئے خاتون رکن سے کہا کہ اب وہ ذرا انہیں بھاگ کر دکھائیں۔ خاتون رکن بھاگنے کے لئے تیار ہو گئیں تاہم وزیر اعظم نے انہیں ایسا کرنے سے روک دیا

ANNOUNCEMENT

ASIA HOUSE

INTERNATIONAL

RESTAURANT

OWNERS & OPERATORS OF

ASIAN FOOD MARKET

Close to Downtown HAMILTON

FOR INFORMATION CALL

(416) 528-8184

OPENING DATE WILL BE

ANNOUNCED SHORTLY

OPENING

SOON

BRODWAY

TRAVELS

4 VICTORIA AVE N

HAMILTON

PHONE: 522 1226

شاہ خالد ۱۰ اکتوبر کو پاکستان آئیں گے

فرمانروائے سعودی عرب کا فقید المثال استقبال کیا جائے گا

راولپنڈی — (نمائندہ خصوصی) سعودی عرب کے شاہ خالد ۱۰ اکتوبر کو پاکستان کے [illegible] سرکاری دورے پر پہنچیں گے ان کا فقید المثال استقبال کیا جائے گا۔ اس کے لئے زبردست تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ شاہ خالد ۱۴ اکتوبر تک پاکستان میں قیام کریں گے۔ اپنے قیام کے دوران وہ اسلام آباد میں فیصل مسجد کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ شاہ خالد پاکستان کے دوسرے شہروں کا بھی دورہ کریں گے۔ ان کے دورے کی تفصیلات کا سرکاری اعلان جلد کر دیا جائے گا۔

ہدیۂ تبریک

EID MUBARAK

from

MUSLIM

ASSOCIATION OF

HAMILTON

ہم اپنے کرم فرماؤں کو

عید الفطر

کے پُر مسرت موقع پر دلی

مُبارکباد

پیش کرتے ہیں



EID MUBARAK

ہیملٹن

میں حلال گوشت کی پہلی دکان

Asian FOOD MARKET

414 KING STREET EAST

VICTORIA AVE

HAMILTON

PHONE: 528-8184



NOW CANADA'S LOWEST

AIR FARE TO JEDDAH

AND PAKISTAN

کینیڈا سے پاکستان

اور

جدہ جانے کا

سستہ ترین کرایہ

تفصیلات کے لیئے آج ہی شکیل خاں یا ظہیر مودی سے رجوع کریں۔

CAPITOL TRAVEL

741 BROADVIEW AVE.
TORONTO, ONT. M4K 3Y3
Tel. 465-5411 465-5412

اہل پاکستان کو دنیا کے ہیرے سے جدا نہیں کیا جا سکتے ہیں

بیرون ملک سے وطن واپس آنے والے ڈاکٹروں کو تعیناتی تک پندرہ سو روپے ماہوار الاؤنس دیا جائے گا

اسلامی ترقیاتی بنک بلا سود قرضہ فراہم کریگا

ترقی پذیر ممالک کی اقتصادی کانفرنس میں پاکستانی مندوب ڈاکٹر عینائی کی تقریر

چین افغانستان میں دو ملیں قائم کرے گا

AAlice International

Unique Trade & Commerce

3240 Bloor St .W .Suite #5A
Toronto, Ont. CANADA M8X IE4
Tel:(416)231-1766 & 459-0820

بسم الله الرحمن الرحيم





اللہ عزوجل آپ کو اَنگنت عیدیں نصیب کرے آمین



Eid
Greetings
to our patrons

FOR HALAL MEAT AND HALAL PRODUCTS

حلال گوشت میں ایک ہی نام
عمدہ گوشت اور سستے دام

اپنی تمام خوردنی ضروریات کیلئے یاد رکھیں

shan
SUPERMARKET

2084 DANFORTH AVE., (AT WOODBINE) TORONTO. Tel: 423 1380

اپنی گاڑی کے لئے وڈبائین سب وے پارکنگ لاٹ بہت ہی قریب ہے

OPEN

MONDAY TO WEDNESDAY	9 A.M. to 6 P.M.
THURSDAY & FRIDAY	9 A.M. to 9 P.M.
SATURDAY	9 A.M. to 6 P.M.

عید الفطر کے مسائل

کے مشروع ہونے کی روحانی قوت بھی دیکھ لیا۔

خوشی تقاضہ فطرت کی حیثیت رکھتا ہے۔ انسان سال بھر کی گوناگوں مصروفیات کے بجائے راحت و سکون میں اپنا وقت گزارتا ہے اور اس روحانی بوجھ کو ہلکا کرتا ہے جو سال بھر ذہن کو ایک مشین بنائے رکھتا ہے اور تازگی سے لطف اندوز ہونے کے مواقع میسر نہیں آنے دیتا۔ یہ خوشی، مسرت کے دن انسانی زندگی میں ایک نئی لہر، ایک نئی امنگ اور ایک نیا ولولہ پیدا کر دیتے ہیں۔ اور انسانی روح و جسم پھر تر و تازہ ہو کر اپنے فرائض کی ادائیگی میں لگ جاتا ہے اور انسانی زندگی کی گاڑی ایک رفتار سے اپنی راہ پر چلنے لگتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے جب مدینہ میں تشریف لائے تو آپ نے دیکھا کہ وہاں کے لوگ سال بھر میں دو دن اس قسم کے مناتے ہیں جن میں کھیل کود اور تفریح کا سامان ہوتا ہے۔ بعض اہل سیرت نے لکھا ہے کہ وہ دو دن نوروز اور مہرجان کے تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی حقیقت دریافت فرمائی تو معلوم ہوا کہ اہل مدینہ میں عہد جاہلیت سے یہی دستور چلا آ رہا ہے اور وہ ان دونوں دنوں میں خوشی مناتے ہیں چنانچہ آپ نے وہ پہلے تہوار منسوخ کر دیئے اور فرمایا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ان دو دنوں کے بجائے تمہارے لئے دو دوسرے تہوار مقرر کر دیئے ہیں جن میں ایک عید الفطر ہے اور دوسرا عید الاضحیٰ۔ چنانچہ یکم شوال سنہ ھ کو پہلی

[illegible]

تو انسان اپنی اس نعمت کا شکر ادا کر سکتا ہے اور اس بات کا ثبوت رکھتی ہیں اور یہی وجہ ہے کہ تمام مذاہب اپنی تقریبات کو ایک خاص دن منسوب کرتے ہیں لیکن اسلام نے ان کو اس انداز پر ترتیب دیا کہ وہ محض کھیل کود اور تفریح کی تقریبات نہیں ہیں۔ بلکہ ان میں عبادت اور انسانی ہمدردی و خیرخواہی کا عنصر غالب کر دیا۔ سو پہلی تقریب یعنی عید الفطر جہاں خوشی کے وقت بیان میں ایک جگہ تو لوگ اچھا اور بہترین لباس زیب تن کرنے کا حکم دیا، وہاں صدقہ فطر [illegible]

[illegible]

غور کیا جائے تو عید الفطر پورے سال میں سب سے زیادہ خوشی کا دن ہوتا ہے کیونکہ ماہ رمضان کی سی طویل عبادت، صیام و قیام سے فراغت کے بعد یہ پہلا دن ہوتا ہے جس میں ایک مسلمان قلبی راحت محسوس کرتا ہے اور ماہ رمضان کی مکمل تربیت کے بعد اس کے عملی مظاہرے کا لطف و سرور اسے حاصل ہوتا ہے۔ وہ دیکھتا ہے کہ پورا ایک مہینہ اللہ تعالیٰ نے اسے اپنی اطاعت و فرمانبرداری کی توفیق مرحمت فرمائی اور کامل ایک سال تک اپنے بال بچوں سمیت اسے خیریت و سلامتی سے رکھا جو اس پر اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا فضل اور احسان ہے۔

عید کے روز سب سے زیادہ خوشی کا موقع وہ ہوتا ہے جب مسلمان عید گاہ میں نماز عید ادا کرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی عظمت کے اظہار سے فضائے آسمانی معمور

[illegible]

عید الفطر کی اہمیت

[illegible] قدیم میں یہ خوشی کا دن کہوں نیا ہے [illegible] اوّل ایک مہینے کے روزوں کے بعد مسلمان کی زندگی میں ایک انقلاب برپا ہوتا ہے روزے میں اس کی تعلیم و تربیت ہوتا ہے روزہ سے زندگی کے ایک نئے موڑ پر لا کھڑا کرتا ہے۔ روزے میں اس نے حکم الٰہی کی تعمیل میں چند جائز اور حلال چیزوں کو بھی اپنے اوپر حرام کر لیا۔ نیکی کی طرف سبقت کی اور برائی سے بچنے کی شدت کے ساتھ کوشش کرتا رہا۔ ہلال عید کے نمودار ہوتے ہی وہ اس تربیتی دور سے فارغ ہوا۔ عید کی صبح اس نے ایک نئی زندگی کا آغاز کیا۔ اب اس کا فرض ہے کہ اس بات کا عہد کرے کہ تربیت کے مطابق باقی گیارہ مہینے گزارے گا۔ اور پھر آئندہ ماہ رمضان پر از سر نو تربیت کو تازہ کرے گا گویا عید الفطر اپنے پروردگار کی طرف سے تربیت حاصل کرنے کے بعد میدان عمل میں قدم رکھنے کا روز اوّلین ہے اگر ہم نے پہلے دن ہی تقویٰ کا دامن ہاتھ سے چھوڑ دیا اور خواہشات سے عید کے دن کام دوسروں کی تو اضع اور ذہن و قلب کی تسکین کرنے لگے تو پھر سوچنے کا مقام ہے کہ جس تقویٰ کے حصول پر ہم خوشی منا رہے ہیں وہ کس قدر مختصر ہے اور ہم نے وہ تقویٰ کہاں حاصل کیا ہے جو روزوں کا

[illegible]

عید الفطر کی ضروریات

[illegible] عید کی نماز سے پہلے [illegible] کی طرف جانا [illegible] اختیار کرنا [illegible] بجائے کی صورت [illegible] لباس پہننا [illegible] کی امانت کی جائے اور کوئی چیز کھا پی لی جائے۔ عید میں کھجور ہو اور ایک، طاق عدد ہو۔ جو وقت آ جاتی ہے [illegible] کپڑے اور ہو بچا ہو اس سے مقصود ان کی اہمیت دکھانا ہے کہ ہر مبارک حاضری کے ہر موقع پر اچھا لباس پہنیں اور خوب زیب و زینت کریں جیسا کہ ارشاد ہوتا ہے: ہر مسجد میں زینت کے ساتھ آیا کرو۔ اور حدیث میں ہے کہ اللہ سب سے زیادہ حقدار ہے کہ اس کے لئے زینت کی جائے۔ (۳) خوشبو استعمال کرنا۔ چونکہ عید میں بہت بڑا اجتماع ہوتا ہے اس لئے ضروری ہوا کہ ہر مسلمان نہا دھو کر اور خوشبو لگا کر عید گاہ میں پہنچے تاکہ باہمی میل جول سے طبیعتیں منقبض نہ ہوں اور ہر مسلمان ایک دوسرے کو مل کر خوشی و راحت محسوس کرے۔ (۴) راستے میں بلند آواز سے تکبیریں پڑھنا۔ یہ اس لئے ضروری ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی نعمت ہدایت کا اظہار ہو اور اس بات کا شکر ادا کیا جائے کہ اس نے روزے رکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ (۵) عید گاہ کو ایک راستے سے جانا اور دوسرے راستے سے واپس آنا۔ حدیث میں آتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت تھی کہ جس راستے سے عید گاہ کو تشریف لے جاتے



واپسی پر دوسرا راستہ اختیار فرماتے۔ راز اس میں یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کے سامنے اسلامی شان کا مظاہرہ ہو۔ موجودہ دور میں اس سنت نبوی پر عمل کیا جائے تو اور بھی بہت سی مخالف حقیقتیں واضح ہوتی ہیں۔ دیکھا جائے تو یورپ کی مہذب دنیا نے یکطرفہ آمد و رفت کے جو اصول قائم کئے اور انسانی آبادی کے لئے سہولتیں پیدا کیں، ان کی نشاندہی کئی سو سال پہلے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمادی تھی اور ہجوم کے موقع پر یکطرفہ آمد و رفت کا سلسلہ جاری کر دیا تھا۔

●●

Seat belts and lower speeds do save lives.

This is what Ontario's new regulations are proving.

انٹاریو میں یکم جنوری ۱۹۷۶ء سے موٹر میں سفر کرنے والوں کے لیے سیٹ بیلٹ کا استعمال ضروری ہو چکا ہے۔ اور اُس تاریخ سے انٹاریو میں گاڑی چلانے کی رفتار کم کر کے FREEWAYS پر ساٹھ میل فی گھنٹہ اور HIGHWAYS پر پچاس میل فی گھنٹہ کردی گئی ہے۔

یہ نئے قوانین اپنے بہتر نتائج پیش کر رہے ہیں۔ ۱۹۷۶ء کے ابتدائی چھ مہینوں میں

انٹاریو کے ہائی ویز پر پہلے کے مقابلے میں (۹۶) کم اموات ہوئیں اور ۴٫۷۷۵ کم افراد زخمی ہوئے۔

انٹاریو کے بڑے علاقوں میں پولیس کے افسران، اموات اور زخم خوردہ افراد کی تعداد میں کمی کا خاص سبب سیٹ بیلٹ کا استعمال اور دھیمی رفتار میں ڈرائیونگ کو قرار دیتے ہیں۔ اور درحقیقت زیادہ سے زیادہ حفاظت ہی ان قوانین کا اہم مقصد ہے۔ لیکن اس سے دوسرے فائدے بھی ہیں۔ یعنی جب آپ گاڑی آہستہ چلاتے ہیں تو گیس کی بچت کرتے ہیں اور اپنے گیس کے اخراجات میں کمی کرتے ہیں۔

اس لیے بیلٹ باندھیے، رفتار کم رکھیے اور سمجھداری سے گاڑی چلایئے۔ ایک کتابچہ جس کا نام "What You Should Know About Seat Belts," ہے، مفت حاصل کرنے کے لیے اس پتے پر لکھیے:

Public and Safety Information Branch
Ministry of Transportation and Communications
1201 Wilson Avenue
Downsview, Ontario M3M 1J8

Ministry of Transportation and Communications
James Snow,
Minister

William Davis
Premier

Province of Ontario

Travel Kings Ltd.

DON'T HAVE WINGS ?

DIAL TRAVEL KINGS

(416) 763-3651

FROM $750 RETURN
TO
PAKISTAN AND INDIA

ENJOY CHARTER CLASS FIXED DATE TRAVEL.

BOOK TWO MONTHS IN ADVANCE. SAVE A $150.00

CREDIT CARDS WELCOME

TRY OUR INTEREST SAVING PAY-LATER-PLAN

HAJJ
THERE ARE LIMITED SEATS AVAILABLE
FOR HAJ PLEASE CONTACT IMMEDIATELY

حج بیت اللہ

* SPECIAL HANDLING FOR FAMILIES

TRAVEL KINGS LTD.
226 MAVETY STREET,
(KEELE & DUNDAS)
TORONTO, CANADA

PHONE: (416) 763-3651/3652
CABLE: TRAVAC

بھارت نے بنگلہ دیش پر حملہ کیا تو اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان تعلقات مزید مضبوط ہوتے جائیں گے: ظہیر الدین

تحریک استقلال آئندہ عام انتخابات میں حصہ لے گی: اصغر خان

آئین میں پانچویں ترمیم سے عدلیہ کے اختیارات کم کر دیئے گئے ہیں

سمگلر سیٹھ عابد کو
اشتہاری ملزم قرار دیدیا گیا

مزید کی تمام جائیداد کے
کرف جبت کیے جا رہے ہیں

عراق بھارت کو کھجوریں برآمد کرے گا

A & S COLLISION CENTRE (TORONTO) LIMITED
MASOOD AHMAD
751-6699
● COMPLETE BODY WORK
● OVEN BAKED FINISHES
● CLAIMS
Complete Paint Jobs - $135 up
122 MANVILLE RD. SCARBORO, M1L 4J5
(1 BLOCK EAST OF WARDEN & EGLINTON)

کرسینٹ

شوراشتونیڈ

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَاخَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَاھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝

ملکیت الٰہیہ اور حکومت الٰہیہ!

کینیڈا میں پاکستانی ترمیم سے متعلق مسودہ قانون پر بحث کے دوران پارلیمنٹ کی ملکیت کا بہت ذکر ہوا تھا جبکہ حزب اختلاف کے بعض ارکان نے اس بحث پر اصرار کیا اور دیا کہ ملکیت صرف اللہ تعالیٰ ہی کی ہے ... [illegible]

یکم شوال کی رات تقسیم انعامات کی رات ہوتی ہے اور دن عید کا دن۔ اللہ تعالیٰ کے جن نیک بندوں نے رمضان المبارک کے مہینہ میں روزے رکھے، برائی سے بچنے کی عادت ڈالی، نیکی کا ذوق حاصل کیا اور اللہ تعالیٰ کے قرب کے لمحات حاصل کیے ان پر اس رات حق تعالیٰ جل شانہٗ اپنی خاص رحمتیں نازل فرماتے ہیں اور ان کے قلوب کو اپنی تجلیات سے نوازتے ہیں۔ عیدالفطر کا دن رمضان المبارک کے دوران اللہ تعالیٰ کی نعمت کی فصل سمیٹنے پر خوشی منانے کا دن ہے کہ ہم نے اپنے اوپر اس قدر ... [illegible]

کچھ عید اور عید کارڈوں کے بارے میں

روزنِ دیوار سے

گزشتہ چند روز ہم نے ایک مشہور کی دکانوں پر عید کارڈ ... [illegible]

... ASPIRATION ... [illegible]

... PLEASE HANDLE CAREFULLY ... [illegible]

... COST ... [illegible]

ہلالِ عید سے دو دو باتیں

اے ہلال اے سطوتِ کبریٰ کی رفعت کے نشاں
تو ہمارے گھر کے چھت کی چاندنی اس دن سے ہے
تو فروغ افشاں ہے اس شب سے ہماری بزم میں
ملّتِ بیضا ہے تیری رُوشناس اس وقت سے
تو نے دیکھا ہے ہمیں اور ہم نے دیکھا ہے تجھے
پاکے جب آہٹ ہماری کانپتی تھی کائنات
قصہ لیکن ہے یہ ان فرخندہ نژاد ایام کا
ان دنوں جب عید کا بن کر نقیب آتا تھا تو
دیدنی تھی ان دنوں آرائش ایوانِ پاک

میری آنکھوں میں ہے تیرا سیزدہ صد سالہ نور
حجتِ حق کا ہوا جس روز بطحا میں ظہور
جب گئے تھے ہم اوّل اوّل نشۂ وحدت میں چور
بدر میں پہنچا ہوا جب کفر کے سر کا غرور
جب ہمارے نام کا بجتا تھا ڈنکا دور دور
اور ہماری دھوم تھی پردر دۂ شور نشور
جب ہمارے نامہ کا عنوان تھا "عزم الامور"
دوڑ جاتی تھی ہمارے قلب میں موجِ سرور
آسماں تھا صحفہ اور تیری کرن بین السطور

اب نہ وہ آزادیاں ہیں اور نہ وہ دم خم ہے
تو تو شاید ہو وہی لیکن نہیں وہ ہم ہے

مولانا ظفر علی خان

عید الفطر ایڈیشن



مسئلہ کشمیر منصفانہ تصفیہ تک زندہ رہے گا

بھارت کے ساتھ تجارت میں پاکستان کا کوئی نقصان نہیں

میں انتخابات کی خاطر ایسی پالیسی پر عمل نہیں کروں گا جو عوام یا ملک کے مفاد کے خلاف ہو

پانچویں ترمیم کا بل منظور کر لیا

عدلیہ کو انتظامیہ سے علیحدہ کرنے کی میعاد میں ۳ سال کی توسیع کر دی گئی

اپوزیشن کے ارکان دوسری خواندگی کے دوران واک آؤٹ کر گئے

بل پر ایوان میں تین دن تک بحث جاری رہی، اجلاس غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دیا گیا

Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 5 years.

SUBSCRIPTION RATES:

- ☐ 1 Year 1st Class Mail $ 8.00
- ☐ 2 Years 1st Class Mail $14.00
- ☐ 6 Months 1st Class Mail $ 5.00

Please make cheques payable to "Crescent"

پندرہ روزہ

FORTNIGHTLY
Crescent

کریسنٹ

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6

ٹورونٹو، کینیڈا

Telephone: (416) 493 4?74

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No ....

ٹورانٹو میں نماز عید



بھارت کی مدد سے مجیب کے حامی بنگلہ دیش میں تخریب کاری کر رہے ہیں

اندرا گاندھی اپنا اقتدار محفوظ رکھنے کے لیے بنگلہ دیش کے بارے میں کوئی بھی اقدام کر سکتی ہیں، ایکونومسٹ

ایران پر حملے کی صورت میں جنگ کے لیے تیار رہیں، فوج کو شہنشاہ کا حکم

ہم کسی حملہ آور کو اپنی زمین پر قدم رکھنے کی اجازت نہیں دیں گے

ایران کے پاس اپنے دفاع کے لیے معقول فوج ہے، تبریز میں خطاب